تصحیح اشتہار/شیڈول ٹیسٹ و انٹرویو

محکمہ اسکول ایجوکیشن حکومت بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ اشتہار برائے تقرریاں نمبر AB-No 353/03-10-2024 بتاریخ 04-10-2024 کے تحت جن امیدواروں نے ٹیچنگ اور نان ٹیچنگ آسامیوں کیلئے درخواستیں جمع کی تھیں۔ ان امیدواروں کی تقرریاں محکمہ اسکول ایجوکیشن کی نئی جاری کردہ ریکرومنٹ پالیسی 2024 کے تحت درج ذیل شرائط وضوابط کے تحت عمل میں لائی جائینگی۔ محکمہ اسکول ایجوکیشن بلوچستان کی منظور شدہ ریکرومنٹ پالیسی 2024ء (عارضی تعیناتی) کی روشنی میں درخواست گزاران کے لیے درج ذیل قواعد وضوابط لاگوں ہونگی۔ نیز نان ٹیچنگ سٹاف کی تقرری APT رولز 2009 کے تحت عمل میں لائی جائینگی۔

	آسامی کا نام بمعہ گریڈ	بنیادی تعلیمی قابلیت
1	ایلیمنٹری سکول ٹیچر (EST) (B-15)	بیچلر ڈگری (اوٹرز) (ایجوکیشن میں) 4 سالہ/BS ایجوکیشن کسی متعدادارے سے یا بیچلر ڈگری بمعہ بی۔ایڈ (B.Ed) کسی متعدادارے سے
2	جونیئر انگلش ٹیچر (JET)(B-15)	بیچلر ڈگری (اوٹرز) (ایجوکیشن میں) 4 سالہ/BS ایجوکیشن کسی متعدادارے سے یا بیچلر ڈگری بمعہ بی۔ایڈ (B.Ed) کسی متعدادارے سے
3	جونیئر انگلش ٹیچر ٹیکنیکل (JET-Tech)	بیچلر ڈگری کسی متعدادارے سے اور ایک سالہ ٹریننگ ڈپلومہ انگریزی ٹیچر ٹریننگ سینٹر
4	جونیئر عربک ٹیچر (JAT) (B-15)	گریجویشن بمعہ عربی بطور مضمون اور عربک ٹیچر ٹریننگ سرٹیفکیٹ (ATTC) ایچ ای سی (HEC) سے منظور شدہ ادارے سے یا شہادت العالیہ (مساوی بیچلر ڈگری) از وفاق المدارس بمعہ تنظیم المدارس یا HEC سے منظور شدہ ادارے سے بمعہ عربک ٹیچر ٹریننگ سرٹیفکیٹ (ATTC) ایچ ای سی (HEC) سے منظور شدہ ادارے سے یا سند درس نظامی کسی منظور شدہ ادارے سے بمعہ عربک ٹیچر ٹریننگ سرٹیفکیٹ (ATTC) ایچ ای سی (HEC) سے منظور شدہ ادارے سے
5	فزیکل ایجوکیشن ٹیچر (PET) (B-15)	بیچلر ڈگری کسی متعدادارے سے بمعہ ڈپلومہ فزیکل ایجوکیشن
6	ڈرائنگ ماسٹر (DM)(B-15)	بیچلر ڈگری بمعہ ڈرائنگ سرٹیفکیٹ کسی متعدادارے سے
7	جونیئر ورنا کیولر ٹیچر (JVT)(B-14)	بیچلر ڈگری کسی متعدادارے سے اور پرائمری ٹیچر سرٹیفکیٹ (PTC)/ بیچلر آف ایجوکیشن (B.Ed) کسی متعدادارے سے/ایسوسی ایٹ ڈگری (2 سالہ) ایجوکیشن میں (ADE)/ بیچلر ڈگری (اوٹرز) ایجوکیشن (4 سالہ) کسی متعدادارے سے
8	معلم القرآن (MQ)(B-14)	بیچلر ڈگری کسی متعدادارے سے یا سند (مساوی بیچلر ڈگری کے) وفاق المدارس، تنظیم المدارس یا محکمہ تعلیم کے کسی متعدادارے سے

ضروری ہدایات شرائط و ضوابط:۔ (1) ہر آسامی کے لئے صرف مطلوبہ تعلیمی قابلیت رکھنے والے امیدوار درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ (2) متعلقہ ڈسٹرکٹ کے لوکل/ ڈومیسائل حامل امیدوار درخواست جمع کروانے کے اہل ہونگے۔ (3) ٹیچر کیلئے امیدوار کو گریجویٹ ہونا چاہئے اور عمری بالائی حد 55 سال سے زائد نہ ہو جبکہ دیگر آسامیاں کیلئے عمری حد 18 تا 28 سال اور رعایت کے مطابق 43 سال ہوگی (4) سرکاری ملازمین اپنے محکمہ کے توسط سے درخواستیں ارسال کریں۔ (5) تمام ریکرومنٹ خالصتاً حکومت بلوچستان سے منظور شدہ ریکرومنٹ پالیسی 2024ء (عارضی تعیناتی) کے تحت ہوگی۔ بلوچستان گورنمنٹ اور سیکنڈری ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے دیگر قوانین/ پالیسی/ نوٹیفکیشن جو ریکرومنٹ پالیسی 2024ء (عارضی تعیناتی) سے متصادم ہوں، اس ریکرومنٹ پر قابل عمل نہ ہونگے۔ (6) آسامیاں متعلقہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سے موصول شدہ معلومات کے مطابق مشتہر کی جارہی ہیں لہٰذا صرف دفاتر سے موصول شدہ معلومات کے مطابق درخواست موصول کی جائینگی اور اس میں کسی بھی قسم کا ردوبدل قابل قبول نہ ہوگا۔ (7) ڈائریکٹر سکولز سے تصدیق شدہ خالی آسامیوں کی یونین کونسل فہرست محکمہ تعلیم کی ویب سائٹ www.emis.gob.pk پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔ (8) شہری علاقوں کی میرٹ لسٹ میٹروپولیٹن، میونسپل کارپوریشن اور میونسپل کمیٹی کی حدود کے مطابق ہونگی جبکہ دیہی علاقوں کی میرٹ لسٹ یونین کونسل دار مرتب ہونگی۔ (9) معذور کوٹہ اور اقلیتی کوٹہ کی علیحدہ علیحدہ میرٹ لسٹ ضلع کی سطح پر مرتب ہونگی معذور افراد محکمہ سوشل ویلفیئر کی جانب سے جاری کردہ معذور سرٹیفکیٹ کی بنیاد پر درخواست جمع کروانے کے اہل ہونگے اور کوئی ایسی معذوری قابل قبول نہ ہوگی جو تعلیمی عمل کو متاثر کرتی ہو۔ (10) میٹروپولیٹن، میونسپل کارپوریشن، میونسپل کمیٹی، یونین کونسل اور تحصیل کی حدود کا تعین محکمہ لوکل گورنمنٹ کے مرجعہ نوٹیفکیشن کے مطابق ہوگا۔ (11) فائنل میرٹ صرف تصدیق شدہ مشتہر خالی آسامیاں کے مطابق مرتب کی جائینگی۔ نیز آسامیوں میں کمی بیشی کا اختیار محکمہ سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ بلوچستان کے پاس ہوگا۔ (12) 5% (پانچ فیصد) معذور اور 5% (پانچ فیصد) اقلیتی کوٹہ حکومتی قوانین کے مطابق ضلع وار عہدہ وار (میل و فی میل علیحدہ علیحدہ) آسامیاں کے مطابق مختص ہیں۔ محکمہ اسکول ایجوکیشن کی ویب سائٹ www.emis.gob.pk پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔ (13) سلیکشن کی صورت میں امیدوار ضلعی سلیکشن کمیٹی کو متعلقہ تعلیمی اسناد کی تصدیق شدہ اسناد کی چار (4) کاپیاں اور ایک حلفیہ بیان کہ اس کے تعلیمی/ دیگر اسناد و کاغذات بوگس، نمبر ڈ HEC سے غیر منظور شدہ ادارہ سے ہونے کی صورت میں نااہل تصور ہوگا اور اس کی ملازمت بلا کسی نوٹس کے کسی بھی وقت برخاست کی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائیگی۔ (14) یہ میرٹ لسٹ صرف ایک مرتبہ بھرتی کیلئے موثر ہوگی۔ (15) شادی شدہ خواتین امیدوار صرف اپنے خاوند کے لوکل/ ڈومیسائل کی بنیاد پر درخواست جمع کروانے کی اہل ہونگی، شادی شدہ خواتین امیدواروں کی درخواست والد کے لوکل/ ڈومیسائل پر کسی صورت قابل قبول نہ ہوگی۔ خاوند کے لوکل/ ڈومیسائل میں نام درج نہ ہونے کی صورت میں NADRA کا جاری شدہ کمپیوٹرائزڈ نکاح نامہ/ شوہر کے نام سے منسوب شناختی کارڈ منسلک کرنا ہوگا۔ ورنہ غلط بیانی کی صورت میں کسی بھی وقت نااہل تصور ہوگی۔ (16) امیدوار کی سکونت کا تعین (اول) اسکے لوکل/ ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کے ایڈریس (دوئم) CNIC پر درج مستقل پتہ کی بنیاد پر کیا جائیگا۔ (17) محکمہ اسکول ایجوکیشن حکومت بلوچستان کسی ایک یا تمام آسامیوں پر منظوری یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

Ranking Criteria or Weightage Formula for the teaching post and preparation of final merit list

Merit	Marks
Weightage of prescribed Academic Qualification	100%
Note:	
Marks of the eligible candidates shall be calculated as follows:	
(i) Matriculation 33%	
(ii) Intermediate 33%	
(iii) Graduation (Bachelor's degree) 34%	
Total Merit Marks	100 %

نوٹ:۔ بنیادی اہلیت کے لئے امیدوار کو مجموعی طور پر 50% مارکس حاصل کرنا درکار ہونگے۔ 50% فیصد یا زاید مارکس حاصل کرنے والے امیدواروں کو فائنل میرٹ لسٹ میں شامل کیا جائے گا۔ ADE/BS(Education)/B.Ed(Hons) ڈگری اکیڈمک اور پروفیشنل دونوں تصور کئے جائینگے۔ عارضی تعیناتیوں کو جلد از جلد پُر کرنے اور میرٹ کو یقینی بنانے کے لئے کوئی ٹیسٹ اور انٹرویو نہیں لیا جائے گا۔ عارضی تعیناتی 18 ماہ کے لئے ہوگی 18 ماہ بعد بہتر کارکردگی کی بنیاد پر کونٹریکٹ کی مدت بڑھائی جاسکے گی۔ مذکورہ بالا تعیناتیوں کا جائے تعیناتی سے کسی دوسری جگہ منتقلی (ٹرانسفر) نہیں ہوسکے گا۔ امیدوران کے لئے مطلوبہ پیشہ وارانہ تعلیمی کوالیفائ کا حامل ہونا لازمی ہے۔ تاہم جن مخصوص یونین کونسل میں پروفیشنل ڈگری رکھنے والے امیدواران دستیاب نہ ہوں تو وہاں دوسرے امیدواران کو زیر غور لایا جائے گا۔ زائد مارکس حاصل کرنے والے امیدواروں کو فائنل میرٹ لسٹ میں شامل کیا جائے گا۔ **نان ٹیچنگ کے لیے ضروری ہدایات و شرائط و ضوابط:** (1) مشتہر آسامیوں کی تصدیق شدہ اسکول وار فہرست متعلقہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کے دفاتر میں نمایاں مقام پر آویزاں کردی گئی ہیں (2) نان ٹیچنگ آسامیاں برائے ہائی اسکول کی میرٹ لسٹ ضلعی اور مڈل و پرائمری اسکولوں کی میرٹ لسٹ متعلقہ یونین کونسل کی سطح پر مرتب ہوگی، اور یونین کونسل کے حدود کا تعین محکمہ لوکل گورنمنٹ کے مرجعہ نوٹیفکیشن کے مطابق ہوگا (3) تمام آسامیوں کے لئے تحریری امتحانات اور انٹرویوز جبکہ درجہ چہارم کی آسامیوں کے لئے صرف انٹرویو ہوگا (4) سادہ کاغذ پر درخواست کے ہمراہ تعلیمی اسناد، کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ/ لوکل/ ڈومیسائل کی مصدقہ نقول اور عدد تازہ تصاویر لازماً منسلک ہونگی، اور نامکمل درخواست قابل قبول نہ ہوگی (5) امیدوار نے جس آسامی کے لئے درخواست جمع کی ہیں، وہ اسی آسامی کے ٹیسٹ کے لئے اہل ہوگا اور درخواست میں کوئی ردوبدل کا حقدار نہ ہوگا (6) تمام آسامیوں کے لئے (میل/فیمیل) دونوں ہی امیدوار اہل ہونگے اور روٹر کے مطابق 50% معذور، 50% اقلیتی اور 50% خواتین کا کوٹہ ہر کیڈر کی آسامیوں کے مطابق مختص ہوگا (7) مختص کوٹہ کی آسامیوں کی تخصیص کے لئے ریکرومنٹ کمیٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ کسی دفتر/ اسکول/ یونین کونسل کی آسامی معذور، اقلیت و خواتین کوٹہ کے لئے مختص کردے اور جنرل میرٹ کے امیدواروں کو اس آسامی پر اپیل/ تقرری کا حق حاصل نہ ہوگا (8) صرف ان امیدواروں کو ٹیسٹ/ انٹرویو میں شمولیت کی اجازت ہوگی جن کے پاس درخواست جمع کروانے کی رسید ہو اور ان کا نام امیدواروں کی حتمی فہرست میں شامل ہو (9) تمام آسامیاں میرٹ کی بنیاد پر پُر کی جائینگی محکمہ عدلیہ کے فیصلوں کی روشنی میں کسی زمین دہندہ، متوفی یا ریٹائیرڈ ملازمین کے ورثاء کو ترجیح دینے کا پابند نہ ہوگا ایسے ورثاء حکومت بلوچستان کے مرجعہ نوٹیفکیشن کے تحت علیحدہ درخواست جمع کرواسکتے ہیں۔ جس پر مرجعہ رولز کے تحت کاروائی ہوگی (10) ریکرومنٹ کمیٹی کا فیصلہ حتمی ہوگا (11) سلیکشن کی صورت میں امیدوار کو اول تجزیہ کی ادائیگی قبل تعلیمی اسناد و دیگر کاغذات کی تصدیق (90) ایام کے اندر متعلقہ اداروں سے کرائی جائے گی جس کے اخراجات کی ادائیگی امیدوار کے ذمہ ہوگی۔ اس دوران امیدوار کے سلیکشن کمیٹی کو حلفیہ بیان جمع کرانا ہوگا تاکہ اسکے تعلیمی اسناد و دیگر کاغذات بوگس نمبر یا HEC سے غیر منظور شدہ اداروں کے ہونے کی صورت میں نااہل تصور ہوگا اسکی ملازمت بلا کسی نوٹس کسی بھی وقت برخاست کی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا (12) میرٹ لسٹ ایک مرتبہ ریکرومنٹ کے لئے موثر ہوگا اور ویٹنگ لسٹ کسی صورت قابل قبول/ زیر غور نہ ہوگی (13) ٹیسٹ/ انٹرویو کے لئے آنے والوں کو کسی قسم کا کوئی معاوضہ نہیں دیا جائے گا (14) مزید معلومات و رہنمائی متعلقہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کے دفاتر سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

نان ٹیچنگ اسٹاف کی ضلع وار خالی آسامیوں کی تفصیل

نمبر	نام آسامی	کوئٹہ	چاغی	پشین	قلعہ عبداللہ	چمن
1	نائب قاصد	7	10	4	5	5
2	چوکیدار	7	10	4	6	5
3	جمعدار	3	4	2	3	1
4	جونیئر کلرک	3	4	1	3	1

نوٹ۔ اسکولوں کی نان ٹیچنگ اسٹاف کی آسامیوں کی تفصیل متعلقہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس میں آویزاں کردی گئی ہیں

ٹیسٹ/انٹرویوں شیڈول برائے جونیئر کلرک

تفصیل	کوئٹہ	چاغی	پشین/قلعہ عبداللہ	چمن
تحریری ٹیسٹ	05 Mar 2025	05 Mar 2025	05 Mar 2025	05 Mar 2025
انٹرویو / ٹائپنگ ٹیسٹ	06 Mar 2025	06 Mar 2025	06 Mar 2025	06 Mar 2025
بمقام / وقت	GBHSS Special بوقت 9:00 بجے صبح	GBHS Shaheed Farhan Jan Dalbandin. بوقت 9:00 بجے صبح	GBMODHS Pishin بوقت 9:00 بجے صبح	GBHS Chaman بوقت 9:00 بجے صبح

انٹرویو شیڈول برائے نان ٹیچنگ آسامیاں (برائے کلاس iv)

تفصیل	کوئٹہ	چاغی	پشین	قلعہ عبداللہ	چمن
نائب قاصد	08 Mar 2025	08 Mar 2025	08 Mar 2025	08 Mar 2025	08 Mar 2025
چوکیدار	09 Mar 2025	09 Mar 2025	09 Mar 2025	09 Mar 2025	09 Mar 2025
جمعدار	10 Mar 2025	10 Mar 2025	10 Mar 2025	10 Mar 2025	10 Mar 2025
بمقام / وقت	GBHSS Special بوقت 9:00 بجے صبح	DEO Office Dalbandin بوقت 9:00 بجے صبح	GBMODHS Pishin بوقت 9:00 بجے صبح	DEO Office Killa Abdullah بوقت 9:00 بجے صبح	DEO Office Chaman بوقت 9:00 بجے صبح

ڈائریکٹر (سکولز) سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ،
حکومت بلوچستان
Ph: 081-2864295

AB No779/12-02-2025

BALOCHISTANROZGAR.COM